سوال

(757) جس نے جمعہ کے روز سورۂ کہف پڑھی تو اس جمعہ سے لے کر

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے جمعہ کے روز سورۂ کہف پڑھی تو اس جمعہ سے لے کر اگلے جمعہ تک اس کے لیے نور اور روشنی ہوگی۔ (رواہ حاکم)

(۲) ہر چیز کے لیے دل ہے اور قرآن مجید کا دل سورۂ یٰسین ہے جو کوئی ایک بار پڑھے گا اس کو دس قرآن پڑھنے کا ثواب ملے گا۔ (ترمذی)

(۳) قرآن مجید میں ایک سورسوال ہے جس کی تیس آیتیں ہیں جو اسے پڑھے گا یہ سورسوال اس آدمی کے لیے یہاں تک شفاعت کرے گی کہ وہ بخش دیا جائے گا اور وہ سورۂ ملک ہے۔ (ابن حبان، حاکم)

(۴) جو کوئی سورۂ ملک پڑھے گا اللہ اس کو عذابِ قبر سے بچائے گا۔ (محمد یونس شاکر، نوشہرہ ورکاں)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ حدیث حسن ہے۔ محدث وقت شیخ البانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے التعلیق الرغیب میں اسے حسن قرار دیا ہے۔ 1

(۲) یہ روایت ضعیف ہے۔ محدث عصر شیخ البانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے تعلیق المشکاۃ میں اسے ضعیف لکھا ہے۔ 2

(۳) یہ حدیث بالفاظ: ((اِنَّ سُوْرَةً فِی الْقُرْآنِ ثَلاَثُوْنَ آيَةً شَفَعَتْ لِرَجُلٍ حَتّٰی غُفِرَلَہٗ، وَهِیَ تَبَارَکَ الَّذِیْ بِيَدِهِ الْمُلْکُ)) حسن ہے۔ محدث دوراں شیخ البانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے تعلیق مشکاۃ میں اس کی سند کو حسن فرمایا ہے۔ 3

(۴) اس کا مجھے علم نہیں۔ [ترمذی/ابواب فضائل القرآن/باب ما جاء فی فضل سورة الملک، حدیث: ۲۸۹۰۔ ضعیف اس کی سند میں یحییٰ بن عمرو بن مالک ضعیف راوی ہے۔]
۱۴۲۱/۷/۲۰ھ

1 مشکوٰۃ/کتاب فضائل القرآن/الفصل الثانی، حدیث: ۲۱۷۵۔

2 مشکوٰۃ/باب فضائل القرآن/الفصل الثانی، حدیث: ۲۱۴۷۔ 3 مشکوٰۃ/کتاب فضائل القرآن/الفصل الثانی، حدیث: ۲۱۵۳۔

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل](#)

جلد02ص747

محدث فتویٰ